# سر کی جوؤں کا لوشن

# کیسے

## استعمال کیا جائے



کان کے قطرے
آنکھ کے قطرے
سر کی جوؤں کا لوشن
خارش کی دوائیں

Drug Office
Department of Health

## لباس، بستر کی چادر، وغیرہ کا انتظام۔

مُتاثرہ شخص کے تمام بستر، کپڑے، کنگھیاں، ہیڈس اور تولیے الگ سے گرم پانی اور ڈٹرجنٹ کے ساتھ دھوئے جائیں۔

## سٹوریج

پر، ریفریجریٹر میں محفوظ کرنے کی ضرورت نہیں جب تک ادوِیات کے لیبل پر بیان نہ کیا جائے۔

دواؤں کو بچوں کی پہنچ سے دور رکھیں تاکہ ان کی حادثاتی طور پر غذا خوری سے بچا جا سکے۔

یہ معلُوماتی کتابچہ محض حوالہ کے لِیے ہے۔
ڈاکٹروں اور فارمسسٹ کی ہِدایت کے مُطابق ادوِیات کا اِستعمال کیا جانا چاہیے۔
تفتیش کے لیے، براہِ مہربانی اپنے ڈاکٹر، ڈِسپنسری عملہ یا دِیگر صحت سے مُتعلق پیشہ ور افراد سے رابطہ کریں۔
اپنی ادوِیات کی دُوسروں کے ساتھ شراکت نہ کریں۔

## نوٹ برائے استعمال

- آنکھوں کے ساتھ ربط سے گریز کریں۔ اگر لوشن غلطی سے آنکھوں میں چلا جائے تو، آنکھیں فوری طور پر وافر مقدار میں پانی سے صاف کریں، اور اگر ضروری ہو تو طبی مشاورت طلب کریں۔
- اگر بچوں کو علاج کی ضرورت ہوتی ہے تو، والدین یا بڑوں کو ان کی مدد کرنی چاہیے کہ وہ لوشن لگائیں۔
- اگر علاج کے بعد بھی جوئیں مل جاتی ہیں تو، ڈاکٹر کے ہدایت کے مطابق لیپ کو دہرائیں۔
- گھر کے تمام رکن(ارکان) یا وہ لوگ جن کا مُتاثرہ شخص سے قریبی جسمانی رابطہ رہا ہے انہیں بھی طبی مشورہ لینا چاہیے اور اگر ضروری ہواتو بیک وقت علاج کی سہولت بھی حاصل کریں۔



# سر کی جوؤں کا لوشن کیسے استعمال کیا جائے

## پرمیتھرین 1٪

بغیر کسی کنڈیشنر کے شیمپو کا استعمال کرتے ہوئے بالوں کو صاف کریں۔ کھنگالیں اور تولیے سے خشک کریں، یہاں تک کہ اس سے بال کچھ نم ہوجائیں۔

اچھی طرح ہلائیں۔ اپنے بالوں اور کھوپڑی میں اچھی طرح رگڑ کر لوشن لگائیں۔ بالوں کی جڑ، کھوپڑی، گردن کی پشت، اطرافی قلموں، جھالر اور کانوں کے پچھلے حصوں پر خصوصی توجہ دیں۔

لوشن 10 منٹ کے لیے چھوڑ دیں۔

10 منٹ کے بعد، گرم پانی سے بالوں سے لوشن کو اچھی طرح دھو لیں۔

جب بال ابھی بھی نم ہوں تو، بالوں سے جڑنے والی تمام جوؤں اور انڈوں کو دور کرنے کے لیے عمدہ دندانے دار کنگھی کے ذریعے بالوں کی جڑ سے شروع کرتے ہوئے اچھی طرح سے کنگھی کریں۔

## میلاتھیون 0.5٪

اچھی طرح ہلائیں۔ اپنے بالوں اور کھوپڑی میں اچھی طرح رگڑ کر لوشن لگائیں۔ بالوں کی جڑ، کھوپڑی، گردن کی پشت، اطرافی قلموں، جھالر اور کانوں کے پچھلے حصوں پر خصوصی توجہ دیں۔

لگانے کے بعد، اپنے بالوں کو قدرتی طور پر خشک ہونے دیں اور انہیں کھلا رکھیں۔ تمام رات یا 12 گھنٹے تک ایسا کریں۔




12 گھنٹے

اپنے بالوں کو اچھی طرح صاف کرنے کے لیے 12 گھنٹے کے بعد، کنڈیشنر کے بغیر شیمپو کا استعمال کریں۔

جب بال ابھی بھی نم ہوں تو، بالوں سے جڑنے والی تمام جوؤں اور انڈوں کو دور کرنے کے لیے عمدہ دندانے دار کنگھی کے ذریعے بالوں کی جڑ سے شروع کرتے ہوئے اچھی طرح سے کنگھی کریں۔

